DAR-UL-IFTA
SADIQABAD
Madrasa Abu Al Qasim, Al Jalal town Sadiq Abad
Dist:Rahim Yar Khan
Dar ul Ifta
Sadiqabad
دارالافتاء صادق آباد

درخواست برائے حصولِ فتویٰ

جناب مفتی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

کیا فرماتے ہیں علماءِ کرام ومفتیانِ عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ

اگر جرابیں ہاف موزے کیساتھ سلائی کرلی جائیں تو اس صورت میں ان پر مسح کرنا کیسا ہے؟

مستفتی: مولانا عارف محمود صاحب

الجواب باسم ملھم الصواب

جرابوں پر مسح کے جائز ہونے کے لئے

1. یا تو جراب کا مجلد ہونا ضروری ہے، یعنی اس کے پورے قدم پر ٹخنوں سمیت بالاستیعاب چمڑا لگا ہوا ہو، ایسی جراب پر بالاتفاق مسح جائز ہے۔
2. اور اگر جراب چمڑے کے بغیر ہو تو ایسی صورت میں مسح کے جواز کے لیے جرابوں کا ثخینین (موٹا) ہونا شرط ہے اور ثخانت کی فقہاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے تین شرائط تحریر فرمائی ہیں جن کا پایا جانا ضروری ہے، کسی ایک شرط کے بھی فوت ہو جانے سے مسح جائز نہ ہوگا، وہ شرائط درج ذیل ہیں:

I. جراب کا کپڑا اس قدر موٹا اور مضبوط ہو کہ اس میں جوتے کے بغیر کم از کم تین میل سفر کریں تو وہ نہ پھٹیں۔

II. جراب کسی چیز سے باندھے بغیر اپنی موٹائی کی وجہ سے خود پنڈلی پر قائم رہ سکے، اور یہ قائم رہنا جراب کی تنگی اور چستی کی وجہ سے نہ ہو بلکہ اس کی ضخامت اور موٹائی سے ہو۔

III. جراب میں پانی نہ چھنے اور جلدی سے جذب نہ ہو۔

جس جراب میں یہ شرائط نہ پائی جائیں وہ ثخین نہیں، بلکہ رقیق ہے، اور رقیق جراب پر مسح کے بارے میں تفصیل یہ ہے کہ اگر وہ مجلد ہو تو اس پر مسح بالاتفاق جائز ہے جیسا کہ ماقبل میں بیان ہوا، اور اگر اس پر چمڑا بالکل نہ لگا ہوا ہو تو اس پر بالاتفاق مسح جائز نہیں۔

3. اور اگر وہ منعل ہو یعنی چمڑا خواہ صرف تلے میں ہو یا ٹخنے سے نیچے تک ہو جیسا کہ ہاف موزہ کے ساتھ جراب سلائی کرلی ہو، ایسی صورت میں اگر بقیہ جراب میں ثخانت کی شرائط پائی جائیں تو اس

پر مسح جائز ہے اور اگر رقیق سوتی ہو تو اس پر بالاتفاق مسح جائز نہیں اور اگر وہ رقیق اونی ہے تو علامہ شامی اور شارح منیہ رحمہما اللہ تعالیٰ نے اس پر مسح جائز قرار دیا ہے، لیکن اسکو بھی خلافِ تقویٰ کہا ہے۔ مزید تفصیل کیلئے حضرت مفتی محمد شفیع عثمانی رحمہ اللہ تعالیٰ کے مقالہ "نیل المآرب فی المسح علی الجوارب" امداد المفتین جامع 2/546 کا مطالعہ فرمائیں۔

والله اعلم بالصواب

ابو امامہ غفر اللہ لہ

دارالافتاء صادق آباد

14/ربیع الثانی/1445ھ بمطابق 30/اکتوبر/2023ء

دستخط: مفتی **محمد ابراہیم** صاحب دامت برکاتہم

الجواب صحیح

محمد ابراہیم

۱۵/۴/۱۴۴۵ھ

دستخط: مفتی **احسن عزیز** صاحب مدظلہم

الجواب صحیح

دستخط: مفتی **طارق بشیر** صاحب مدظلہم

الجواب صحیح

طارق بشیر عفی عنہ

۱۷/۴/۱۴۴۵ھ

دارالافتاء صادق آباد — مفتی — الفلاح ٹاؤن صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

دارالافتاء صادق آباد — نائب مفتی — الفلاح ٹاؤن صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

دارالافتاء صادق آباد — فتویٰ نمبر 100/34 — مورخہ ۱۴/۴/۴۵ — الفلاح ٹاؤن صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

نوٹ: ۱۔ جواب سوال کے مطابق ہے۔ صحت سوال کی ذمہ داری مستفتی پر ہے۔

۲۔ ادارہ کسی بھی قانونی وغیر قانونی کاروائی کی صورت میں کسی بھی قسم کا ذمہ دار نہیں اور نہ ہی فریق بنے گا۔

- Cell No: 0302-7002111
- 0344-3387879
- Whats App: 0302-7002111
- E-mail: shariainbiz@gmail.com

- دارالافتاء سے فرقہ وارانہ یا اختلافی مسائل کا جواب نہیں دیا جاتا۔
- خدمت بلا معاوضہ۔

CamScanner